سُورَةُ التَّكۡوِيرِ

Surah 81 — At-Takwir (The Overthrowing) · Meccan · 29 Ayahs · Translation: Urdu

---

1

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ إِذَا ٱلشَّمْسُ كُوِّرَتْ

جب سورج لپیٹ لیا جائے گا

2

وَإِذَا ٱلنُّجُومُ ٱنكَدَرَتْ

جب تارے بےنور ہو جائیں گے

3

وَإِذَا ٱلْجِبَالُ سُيِّرَتْ

اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے

4

وَإِذَا ٱلْعِشَارُ عُطِّلَتْ

اور جب بیانے والی اونٹنیاں بےکار ہو جائیں گی

5

وَإِذَا ٱلْوُحُوشُ حُشِرَتْ

اور جب وحشی جانور جمع اکٹھے ہو جائیں گے

6

وَإِذَا ٱلْبِحَارُ سُجِّرَتْ

اور جب دریا آگ ہو جائیں گے

7

وَإِذَا ٱلنُّفُوسُ زُوِّجَتْ

اور جب روحیں (بدنوں سے) ملا دی جائیں گی

8

وَإِذَا ٱلْمَوْءُۥدَةُ سُئِلَتْ

اور جب لڑکی سے جو زندہ دفنا دی گئی ہو پوچھا جائے گا

9

بِأَىِّ ذَنۢبٍۢ قُتِلَتْ

کہ وہ کس گناہ پرماری گئی

10

وَإِذَا ٱلصُّحُفُ نُشِرَتْ

اور جب (عملوں کے) دفتر کھولے جائیں گے

11

وَإِذَا ٱلسَّمَآءُ كُشِطَتْ

اور جب آسمانوں کی کھال کھینچ لی جائے گی

12

وَإِذَا ٱلْجَحِيمُ سُعِّرَتْ

اور جب دوزخ (کی آگ) بھڑکائی جائے گی

13

وَإِذَا ٱلْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ

اور بہشت جب قریب لائی جائے گی

14

عَلِمَتْ نَفْسٌۭ مَّآ أَحْضَرَتْ

تب ہر شخص معلوم کر لے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے

15

فَلَآ أُقْسِمُ بِٱلْخُنَّسِ

ہم کو ان ستاروں کی قسم جو پیچھے ہٹ جاتے ہیں

16

ٱلْجَوَارِ ٱلْكُنَّسِ

(اور) جو سیر کرتے اور غائب ہو جاتے ہیں

17

وَٱلَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ

اور رات کی قسم جب ختم ہونے لگتی ہے

18

وَٱلصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ

اور صبح کی قسم جب نمودار ہوتی ہے

19

إِنَّهُۥ لَقَوْلُ رَسُولٍۢ كَرِيمٍۢ

کہ بےشک یہ (قرآن) فرشتۂ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے

20

ذِى قُوَّةٍ عِندَ ذِى ٱلْعَرْشِ مَكِينٍۢ

جو صاحب قوت مالک عرش کے ہاں اونچے درجے والا ہے

21

مُّطَاعٍۢ ثَمَّ أَمِينٍۢ

سردار (اور) امانت دار ہے

22

وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍۢ

اور (مکے والو) تمہارے رفیق (یعنی محمدﷺ) دیوانے نہیں ہیں

23

وَلَقَدْ رَءَاهُ بِٱلْأُفُقِ ٱلْمُبِينِ

بےشک انہوں نے اس (فرشتے) کو (آسمان کے کھلے یعنی) مشرقی کنارے پر دیکھا ہے

24

وَمَا هُوَ عَلَى ٱلْغَيْبِ بِضَنِينٍۢ

اور وہ پوشیدہ باتوں (کے ظاہر کرنے) میں بخیل نہیں

25

وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَٰنٍۢ رَّجِيمٍۢ

اور یہ شیطان مردود کا کلام نہیں

26

فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ

پھر تم کدھر جا رہے ہو

27

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌۭ لِّلْعَٰلَمِينَ

یہ تو جہان کے لوگوں کے لیے نصیحت ہے

28

لِمَن شَآءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ

(یعنی) اس کے لیے جو تم میں سے سیدھی چال چلنا چاہے

29

وَمَا تَشَآءُونَ إِلَّآ أَن يَشَآءَ ٱللَّهُ رَبُّ ٱلْعَٰلَمِينَ

اور تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر وہی جو خدائے رب العالمین چاہے

Generated by Dailica — dailica.com